فوری ریلیز کے لیے: 21/12/2022 گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL کی جانب سے 10$ ملین کے ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو اقدام کے حصے کے طور پر سیراکیوز کے جنوب مغربی گیٹ وے کے لیے تغیر و تبدل کے منصوبوں کا اعلان

ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے بارہ تزویراتی منصوبے جنوب مغربی گیٹ وے اور ڈاؤن ٹاؤن سیراکیوز کے درمیان چلنے کی صلاحیت اور رابطے کو بڑھاتے ہیں، دوبارہ تیاری اور عمارتوں کے درمیان خلاء کو پُر کرنے کے لیے عمارت کی تعمیر کے ذریعے کاروبار اور رہائش کے مواقع کو بڑھاتے ہیں اور سماجی خدمات کو بہتر بناتے ہیں

منصوبے کے خاکے یہاں دستیاب ہیں

گورنر Kathy Hochul نے آج سیراکیوز کے جنوب مغربی گیٹ وے میں 10$ ملین کے ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو اقدام ایوارڈ کے جزو کے طور پر تغیر و تبدل کے 12 منصوبوں کا اعلان کیا۔ یہ فنڈنگ علاقے میں کے چلنے پھرنے کی جگہ کو بہتر بنائے گی، تاریخی عمارتوں کو بحال کرے گی، اور رہائش اور کاروبار کے مواقع پیدا کرے گی۔

گورنر Hochul نے کہا، "سیراکیوز یونیورسٹی کی ایک سابقہ طالبہ کے طور پر، مجھے معلوم ہے کہ سیراکیوز کا علاقہ شہر اور علاقے کو ایک نئی زندگی دینے کے لیے کتنا اکٹھا ہوا ہے۔ یہ منصوبے جنوبی گیٹ وے ضلع کو مزید چلنے کے قابل اور پُر رونق علاقہ بنانے اور کاروبار اور تفریح کے مواقع کو بڑھانے کے لیے بہتر بنائیں گے – جس سے سیراکیوز اور وسطی نیو یارک کے لیے مواقع اور خوشحالی کا ایک نیا باب کھلے گا"۔

سیراکیوز کا جنوب مغربی گیٹ وے ایک متنوع علاقہ ہے جو تاریخی طور پر کم سرمایہ کاری شدہ رہائشی علاقے، تاریخی سابقہ حویلیوں کے گرد تجارتی راہداریوں، اور مشہور سالٹ سٹی مارکیٹ پر مشتمل ہے، جو دنیا بھر کی ثقافتوں کی ایک وسیع اقسام کا کھانا پیش کرتی ہے۔ اس علاقے میں بہت سی خالی جگہیں اور غیر مقبوضہ عمارتیں شامل ہیں، جن میں حال ہی میں سرمایہ کاری میں اضافہ دیکھا گیا ہے اور ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو اقدام (Downtown Revitalization Initiative, DRI) کے ذریعے مزید ترقی کے مواقع فراہم کیے گئے ہیں۔ سیراکیوز کا احیائے نو پیدل چلنے والوں کے تجربے کو بہتر بنانے، رہائش کے لیے خالی اور خستہ حال عمارتوں کو نئی زندگی دینے، اور تجارتی استعمال اور سماجی خدمات کو بہتر بنانے پر مرکوز ہے۔

سرمایہ کاریاں گورنر کی ریاست کے شمالی حصے کی معیشت کو بحال کرنے اور وسطی نیو یارک کے علاقے کے اندر مزید مواقع پیدا کرنے کی جاری کوششوں کا حصہ ہیں۔ DRI کی قیادت نیو یارک کا ڈیپارٹمنٹ آف سٹیٹ کرتا ہے، اور جوں جوں ہر حصہ لینے والی کمیونٹی ایسے مخصوص پروجیکٹس کی نشاندہی کرنے کے لئے سٹریٹجک انویسٹمنٹ پلان تیار کرتی ہے جن میں ڈاؤن ٹاؤن علاقے کے احیاء و تعمیر کے لیے منفرد وژن ہو تو DRI انہیں تکنیکی مدد فراہم کرتا ہے۔

DRI کے ذریعے فنڈ فراہم کیے جانے والے مخصوص منصوبے علاقے کے تزویراتی سرمایہ کاری منصوبے میں شامل متعدد اہداف کی کفالت کرتے ہیں، جیسے کہ – جنوب مغربی گیٹ وے اور ڈاؤن ٹاؤن سیراکیوز کے درمیان چلنے کی اہلیت اور رابطے کو بڑھانا؛ دوبارہ تیاری اور عمارتوں کے درمیان خالی جگہ پر عمارت کی تعمیر کے

ذریعے کاروبار اور رہائش کے مواقع کو بڑھانا؛ اور سماجی خدمات کو بہتر بنانا۔ جیسے جیسے بحالی نو کا عمل آگے بڑھے گا اور رفتار پکڑے گا، تو DRI کے ذریعے ان پروجیکٹس میں 9.7$ ملین کی ریاستی سرمایہ کاری سرکاری اور نجی شعبے کی اضافی سرمایہ کاریوں میں مدد فراہم کرے گی۔

منصوبوں میں شامل ہیں:

<u>جنوب مغربی گیٹ وے اور اندرون شہر کے درمیان چلنے کی صلاحیت اور رابطے کو بہتر بنانا</u>

ساؤتھ ایونیو گلی کے منظر کو خوبصورت بنانا – DRI ایوارڈ: $1,378,000
ساؤتھ ایوینیو پر خراب فٹ پاتھ پینلز کی مرمت کرکے، سٹریٹ فرنیچر اور آرائشی لائٹنگ شامل کرکے اور بائیک لین بنا کر مزید متحرک اور فعال گلی کا منظر بنانا۔

سلینا اور اونونڈاگا چوراہے کا دوبارہ ڈیزائن اور تعمیرِ نو – DRI ایوارڈ: $1,001,000
ویسٹ اونونڈاگا سٹریٹ پر دو چوراہوں کو بہتر بنانا، پیدل چلنے والوں کے لیے محفوظ کراسنگ، سائیکل لین اور کرب بمپ آؤٹ شامل کرنا۔

ویسٹ اونونڈاگا سٹریٹ کے ریل روڈ پُل کو فعال بنانا – DRI ایوارڈ: $599,000
ایک فعال ریلوے پُل کے نیچے عوامی اجتماع کی نئی جگہ بنانا۔ اس جگہ میں لائٹنگ، بیٹھنے کی جگہ، پودے لگانا اور دیواریں کرنا شامل ہو گا۔

<u>دوبارہ تعمیر اور عمارتوں کی درمیانی خالی جگہ پر تعمیرات کے ذریعے کاروباری اور رہائشی مواقع کو وسعت دینا</u>

تین تاریخی طور پر لاوارث عمارتوں کو نئی زندگی دینا اور دوبارہ پیش کرنا – DRI ایوارڈ: $1,217,000
ویسٹ اونونڈاگا سٹریٹ اور ساؤتھ ایونیو کے کونے میں تین خالی تاریخی عمارتوں کو بحال کرنا، جو جنوب مغربی گیٹ وے کے دو ملحقہ راستے ہیں۔ تثلیثی چرچ، جیلیٹ ہاؤس اور پیرش ہاؤس کو بحال کیا جائے گا اور بریوری، دفتر کی جگہ اور رہائش کے طور پر استعمال کے لیے تبدیل کیا جائے گا۔

تثلیثی جنوبی ایوینیو مخلوط استعمال کی عمارت کی تعمیر – DRI ایوارڈ: $1,000,000
ایک مخلوط آمدنی والا رہائشی منصوبہ بنانا جس میں تقریباً 62 کرائے پر دینے والے رہائشی یونٹ اور پرچون فروشی یا اجتماعی سہولت کی جگہ ہو۔

سامنے کے حصے کو بہتر بنانے کا فنڈ بنانا – DRI ایوارڈ: $600,000
مقامی کاروباری مالکان کے لیے ایک گرانٹ فنڈ بنانا تاکہ ان کی عمارت کے سامنے کے حصے کو بحال کیا جا سکے، زمینی سطح کے اندرونی تجارتی مقامات کو خوبصورت بنایا جا سکے، اور عمارت کے داخلی راستوں کو دوبارہ تیار کیا جا سکے۔

وہٹن ہاؤس کو بحال کرنا – DRI ایوارڈ" $530,000
ایک خالی تاریخی حویلی کی تزئین و آرائش کرنا۔ حتمی بحالی میں رہائشی اپارٹمنٹس، تجارتی جگہ اور عوامی جگہ شامل ہوں گی۔

جوبلی ورک فورس سینٹر کی تعمیر – DRI ایوارڈ: $500,000
ایک مخلوط استعمال کی عمارت بنانا جس میں پہلی منزل پر افرادی قوت کا تربیتی مرکز اور دوسری اور تیسری منزل پر افرادی قوت کے اپارٹمنٹس شامل ہوں گے۔

کاروباری راہداری براڈ بینڈ کی تنصیب – DRI ایوارڈ: $460,000

مغربی اونونڈاگا سٹریٹ اور ساؤتھ ایونیو کاروباری راہداریوں کے ساتھ انٹرنیٹ کنیکٹیویٹی کو بڑھانے کے لیے فائبر بیک ہال بنیادی ڈھانچہ اور وائرلیس آلات کی تنصیب۔

سابقہ B&B لاؤنج کو دوبارہ تیار کرنا – DRI ایوارڈ: $300,000
ریستوران کے اوپر رہائشی یونٹ والے ریستوران کے لیے ایک سابقہ بار اور ریستوران کو ایک لاؤنج کی جگہ میں بحال کرنا۔

<u>سماجی خدمات کو وسیع کرنا</u>

ساؤتھ ویسٹ کمیونٹی سینٹر کو دوبارہ ڈیزائن کرنا – DRI ایوارڈ: $1,115,000
ساؤتھ ویسٹ کمیونٹی سینٹر کے اندرون اور باہر بہتریاں کرنا، بشمول ایک نیا چہرہ، عوامی بیت الخلاء کے اپ گریڈ اور جم میں بہتری۔

ریسکیو مشن کے کیمپس کی تعمیر – DRI ایوارڈ: $1,000,000
ویسٹ اونونڈاگا سٹریٹ پر ایک خالی جگہ پر ریسکیو مشن کے لیے ایک نئی سہولت تعمیر کرنا۔ نئی عمارت میں پہلی منزل پر ایک گودام ہو گا جس میں تجارتی/پرچون فروشی کی جگہ اور دوسری منزل پر دفتر کی جگہ ہو گی۔

نیو یارک کے سکریٹری آف اسٹیٹ Robert J. Rodriguez نے کہا، "سیراکیوز کے جنوب مغربی گیٹ وے میں کم زیرِ استعمال املاک کو دوبارہ تیار کرنے کے لیے حالیہ سرمایہ کاریاں اس رفتار کو جنم دے رہی ہیں جو اس بڑھتے ہوئے اندرونِ شہر کے علاقے کو سیراکیوز شہر کے ایک شہری، چلنے کے قابل حصے میں تبدیل کر رہی ہے۔ اس ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو اقدام کے ایوارڈ کے ساتھ، جنوب مغربی گیٹ وے بغیر کسی رکاوٹ کے سیراکیوز کے اندرون شہر کے ساتھ منسلک ہو جائے گا، اور خالی تاریخی عمارتوں کو بحال کیا جائے گا اور رہائش کے مزید مواقع پیدا کرنے کے لیے دوبارہ تیار کیا جائے گا جبکہ تمام اہلِ علاقہ کی مدد کے لیے انتہائی ضروری براڈ بینڈ اور افرادی قوت کی تربیت کی خدمات بھی شامل کی جائیں گی۔ سیراکیوز جنوب مغربی گیٹ وے کے پورے علاقے کو ان کے منصوبوں کی مبارکباد"۔

ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، سی ای او، اور کمشنر Hope Knight نے کہا، "ان 12 DRI منصوبوں میں سیراکیوز کے شہر کے مرکز میں کچھ سابقہ جواہرات کو تبدیل کرنا اور انہیں ایک نئی اور تزویراتی چمک دینا شامل ہے جس سے شہر کا مرکز مزید روشن ہو جائے گا۔ ایک خالی حویلی کو رہائشی اور تجارتی جگہ میں تبدیل کرنے سے لے کر انٹرنیٹ کنیکٹیویٹی اور افرادی قوت کی تربیت کے مواقع کو بڑھانے تک، ہم متحرک اندرونِ شہر علاقوں میں سرمایہ کاری کرنے کی قدر دیکھ رہے ہیں"۔

ریاست نیو یارک کی گھروں اور کمیونٹی کی تجدید کی کمشنر RuthAnne Visnauskas نے کہا، "ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو اقدام کامیاب ہے کیونکہ یہ علاقے کو اہم منصوبوں اور پیش رفتوں کی وضاحت اور ڈیزائن کرنے کے لیے اکٹھا کرتا ہے جو تبدیلی کا باعث بنیں گے اور نیو یارک کے اندرونِ شہر علاقوں میں نئی توانائی لائیں گے۔ یہ 12 منصوبے، جن کا مقصد سیراکیوز کے جنوب مغربی گیٹ وے میں زندگی کے ہر پہلو کو بہتر بنانا ہے، ایسی تبدیلیاں لائیں گے جو نواحی علاقوں کے شہر کے ساتھ تعلق کو مضبوط کریں گی، چلنے کی صلاحیت کو بہتر بنائیں گی، اور ضروری تزئین و آرائش اور نئی تعمیرات کی مالی معاونت کریں گی"۔

ریاست نیو یارک کے کینال کارپوریشن کے ڈائریکٹر Brian U. Stratton نے کہا، "ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو اقدام صرف نیو یارک کے اقتصادی ترقی کے پروگرام کا ایک اہم حصہ ہی نہیں، بلکہ گورنر Hochul کے بالائی ریاست کی معیشت کو بحال کرنے اور سیراکیوز جیسے شہروں میں مزید مواقع پیدا کرنے کے عزم کا واضح اظہار ہے۔ ہمیں معلوم ہے کہ یہ پروگرام کارگر ہے کیونکہ یہ اوپر سے نیچے کا طریقہ نہیں ہے؛ ہم مقامی علاقوں کے دروازے پر دستک دے رہے ہیں، جنہیں معلوم ہے کہ ان کے بہترین اثاثے کیا ہیں، تاکہ وہ ریاست کو اپنے منصوبے پیش کریں، اور پھر ہم ان منصوبوں کو حقیقت میں بدلنے میں ان کی مدد کریں۔ سیراکیوز کے جنوب مغربی گیٹ وے علاقے کو مبارکباد، اور بالائی نیو یارک کی جانب سے آپ کی قیادت کے لیے گورنر Hochul کا شکریہ"۔

ریاستی سینیٹر Rachel May نے کہا، "سیراکیوز شہر میں پچھلے کئی برسوں میں مسلسل ترقی اور تزویراتی سرمایہ کاری دیکھنے میں آئی ہے۔ یہ بہت اچھی خبر ہے کہ یہ کئی منصوبوں کے لیے 10$ ملین کے ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو اقدام کے ایوارڈ کے ساتھ جاری رہے گا۔ یہ سرمایہ کاری سیراکیوز کو وسطی نیو یارک کے اقتصادی انجن کے طور پر برقرار رکھنے کے لیے اہم ہے۔ علاقائی گرڈ کی تعمیر کے ساتھ ساتھ، یہ منصوبے ہمارے شہری مرکز کو دوبارہ زندہ کرنے میں مدد کریں گے اور سیراکیوز کے تموج میں مزید ترقی کو مہمیز دیں گے۔ آپ کے تعاون اور خطے کی بہتری کے لیے مسلسل کوششوں کے لیے گورنر Hochul کا شکریہ"۔

رکنِ اسمبلی Pamela J. Hunter نے کہا، "ان پُرعزم اور کاياپلٹ منصوبوں کے لیے ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو اقدام کی فنڈنگ ہمارے علاقوں کے لیے نئے کاروباری مواقع کے ساتھ ساتھ سماجی خدمات کو بھی بہتر بنائے گی۔ میں اپنے خطے میں اس مسلسل سرمایہ کاری کو ترجیح دینے کے لیے گورنر Hochul کو خراجِ تحسین پیش کرتی ہوں۔ یہ سرمایہ کاریاں وسطی نیو یارک کی عالمی وباء سے معاشی بحالی میں معاون ثابت ہوں گی کیونکہ ہم کچھ انتہائی مسابقتی ابھرتی ہوئی صنعتوں کے ایک عالمی مرکز کے طور پر کام جاری رکھے ہوئے ہیں"۔

سیراکیوز کے میئر Ben Walsh نے کہا، "ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو اقدام کم استعمال شدہ اور خالی املاک کی دوبارہ تیاری، عوامی بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے، اور جنوب مغربی گیٹ وے کے نواح میں سستی رہائش میں اضافہ کرے گا۔ ایک سال کی عوامی ملاقاتوں اور اہلِ علاقہ کی شمولیت، محتاط منصوبہ بندی اور City کے عملے، ہماری مشاورتی ٹیم، اور مشترکہ کونسل کے اراکین کے درمیان تعاون کے بعد، میں پُرجوش ہوں کہ یہ تبدیلی کے منصوبے اب پیشرفت کرنے کے لیے تیار ہیں۔ میں اس تاریخی سرمایہ کاری اور سیراکیوز کے شہری مرکز کی جاری نشاۃ ثانیہ کے لیے ان کی غیر متزلزل وابستگی کے لیے گورنر Hochul اور ہمارے بہت سے شراکت داروں کا شکریہ ادا کرتا ہوں"۔

ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کا اقدام

ریاست نیو یارک کی DRI، جو کہ اس کے اقتصادی ترقی کے پروگرام کا سنگ بنیاد ہے، شہر کے قریبی علاقوں کو پُر رونق مراکز میں تبدیل کرتی ہے جو اعلیٰ معیار کی زندگی پیش کرتے ہیں اور دوبارہ ترقی، کاروبار، ملازمت کی تخلیق، اور اقتصادی اور رہائشی تنوع کے لیے مقناطیس ہیں۔ ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ، ہومز اینڈ کمیونٹی رینیوول اور NYSERDA کی مدد سے محکمۂ خارجہ کی سربراہی میں، DRI ایک بے مثال اور جدید "منصوبہ سازی-پھر-عمل" حکمتِ عملی کی نمائندگی کرتی ہے جو فوری طور پر عمل درآمد کے ساتھ تزویراتی منصوبہ بندی کو جوڑتی ہے اور اس کے نتیجے میں ٹھوس، چلنے کے قابل اندرونِ شہر بنتے ہیں جو ریاست نیو یارک کو COVID-19 عالمی وباء کے اثرات سے اپنی معیشت کی تعمیر نو میں مدد کرنے نیز عوامی سواریوں کے استعمال کو فروغ دے کر اور نجی گاڑیوں پر انحصار کم کر کے ریاست کے جرات مندانہ موسمیاتی اہداف کو حاصل کرنے میں ایک اہم جزو ہیں۔ DRI سے متعلق مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418